
Question 1A (5 marks)

تصویر دیکھ کر مناسب لفظ لکھیے۔



بوتل


______________________



______________________




______________________



______________________



______________________




______________________

## Question 1B (5 marks)


مثال کے مطابق لکیر کھینچ کر تصویر کو مناسب جملہ سے ملائیے۔



سیّاح ساحل پر لیٹ کر دھوپ کھاتا ہے۔



والدہ دکان میں خریداری کرتی ہیں۔




ہیڈماسٹر اپنے دفتر میں کام کرتے ہیں۔



بچّے باسکٹ بال کھیل رہے ہیں۔



استانی بورڈ پر لکھ رہی ہیں۔




عجائب گھر میں بڑی بھیڑ تھی۔

Question 2A (10 marks)

خالی جگہ پُر کرنے کے لیے صحیح جواب کے حرف پر دائرہ ◯ بنائیے۔

مثال : میرا اسکول گھر ........................ دور ہے۔

ا۔ پر　　　ب۔ کو

ج۔ میں　　　(د۔) سے

---

۱۔ استاد ........................ میز پر تین کتابیں ہیں۔

ا۔ کا　　　ب۔ کی

ج۔ پر　　　د۔ میں

۲۔ ساجد بولا: ”میں ........................ نئی قمیص خریدوں گا۔“

ا۔ بھی　　　ب۔ کبھی

ج۔ اور　　　د۔ سے

۳۔ اس وقت بچّوں کو ..................... بھوک لگی ہے۔

ا۔ بڑا　　　ب۔ بڑے

ج۔ بڑی　　　د۔ بڑوں

۴۔ <u>شیرنی</u> کا مذکّر ہے ..................... ۔

ا۔ شیر　　　ب۔ شعر

ج۔ سیر　　　د۔ شہر

۵۔ گرم کی ضد ہے ........................ ۔

ا۔ نرم
ب۔ نازک
ج۔ ٹھنڈا
د۔ سخت

۶۔ عابد جمیل ................ چھوٹا بھائی ہے۔

ا۔ کا
ب۔ کے
ج۔ کی
د۔ کو

۷۔ ................... کھلونے پسند کرتے ہیں۔

ا۔ بچّی
ب۔ بچّہ
ج۔ بچّے
د۔ بچّیاں

۸۔ آج آپ اسکول ..................... نہیں گئے ؟

ا۔ کیا
ب۔ کیوں
ج۔ کہاں
د۔ کب

۹۔ میں عبارت پڑھوں گا اور تم سوالوں کے جواب .....................۔

ا۔ دیتے رہے
ب۔ دیتے ہو
ج۔ دیتے تھے
د۔ دو گے

۱۰۔ آپ نے بہت محنت ....................... ۔

ا۔ کی
ب۔ کیں
ج۔ کیا
د۔ کیے

## Question 2B (5 marks)

صحیح جواب کے حرف پر دائرہ ◯ بنایئے۔

۱۔ گرمی کا موسم ہے ......................... ٹھنڈ لگ رہی ہے۔

ا۔ پھر ب۔ پھربھی

ج۔ پھرکبھی د۔ کبھی‌کبھی

۲۔ طفیل میرا انتظار کرتا رہا ............... میں نے اُسے کہا تھا کہ میں نہیں آؤں گا۔

ا۔ چنانچہ ب۔ بلکہ

ج۔ تاکہ د۔ حالانکہ

۳۔ والد صاحب نے زکام کی ..................... پی۔

ا۔ دعا ب۔ دعائیں

ج۔ دوا د۔ دوائیں

۴۔ <u>روزانہ</u> کے لئے دوسرا لفظ ہے ........................ ۔

ا۔ ہر روز ب۔ ایک روز

ج۔ دو روز د۔ تین روز

۵۔ میری ...................... پر آپ ضرور آیئے۔

ا۔ کان ب۔ مکان

ج۔ دکان د۔ تھکان

Question 3 (10 marks)

پوسٹر غور سے پڑھیے پھر سوالوں کے جواب لکھیے۔

فٹ بال میچ

آپ سبھی لوگوں کو یہ اطلاح دی جاتی ہے کہ روزہل اور واکوا کی ٹیموں کے درمیان فٹ بال میچ کھیلا جائے گا۔

لہذا شائقین زیادہ سے زیادہ تعداد میں اسٹیڈیم پہنچ کر کھلاڑیوں کی حوصلہ‌افزائی کریں اور ایک دلچسپ میچ سے لطف اندوز ہوں۔



دن : اتوار

وقت : ۲ بجے

تاریخ : ۳۱ مارچ ۲۰۱۹

مقام : جورج ۵ اسٹیڈیم کیورپپ

ا۔ اس پوسٹر میں لوگوں کو کس چیز کی اطلاح دی گئی ہے؟

________________________________________________

________________________________________________

۲۔ فٹ بال میچ کہاں کھیلا جائے گا ؟

________________________________________________

________________________________________________

۳۔ یہ میچ کن دو ٹیموں کے درمیان کھیلا جائے گا ؟

________________________________________________

۴۔ یہ کھیل کب اور کتنے بجے ہوگا ؟

---

---

۵۔ لوگوں کو کس وجہ سے مطلع کیا جا رہا ہے ؟

---

---

٦۔ کیا آپ اس میچ سے لطف اندوز ہونا پسند کریں گے ؟

---

---

Question 4

عبارت غور سے پڑھیے پھر سوالوں کے جواب لکھیے۔

توحید اسکول بہت دیر سے پہنچا۔ رات کو سونے سے پہلے اس نے اپنی گھڑی کو چابی نہیں دی تھی۔ گھڑی رُک گئی تھی۔ وہ روزانہ گھڑی کی گھنٹی بجنے پر اٹھ جاتا تھا۔ اس روز گھنٹی نہیں بجی اور وہ دیر سے اٹھا۔ جب وہ اسکول دیر سے پہنچا تو اس کے استاد اس سے بہت ناراض ہوئے۔

" اپنی جگہ پر جانے سے پہلے اردو کی کاپی دکھاؤ۔" استاد نے توحید سے کہا۔

توحید نے اپنے بستے میں اردو کی کاپی ڈھونڈی اور جب نہیں ملی تو وہ شرمندہ ہوا اور بولا : " جناب، میں وہ کاپی گھر پر بھول آیا ہوں۔ "

استاد غصّے میں آکر بولے : " اب یہ مت کہنا کہ تم اپنی مضمون کی کاپی بھی گھر پر بھول آئے ہو۔ "

توحید نے سر جھکاتے ہوئے کہا : '' جناب، میں معافی چاہتا ہوں۔ میں وہ کاپی بھی لانا بھول گیا۔ ''

پھر توحید کو سزا ملی۔ اُسے وقفے کے دوران اپنی کلاس سے باہر جانے کی اجازت نہیں ملی اور بہت سا لکھائی کا کام کرنا پڑا۔

Question 4A (5 marks)

مناسب فقرے کے صحیح جواب کے حرف پر دائرہ ◯ بنائیے۔

۱۔ گھڑی کی گھنٹی نہیں بجی تو کیا ہوا ؟

ا۔ توحید دیر سے اٹھا

ب۔ توحید کو وقفہ نہیں ملا

ج۔ توحید کو سزا ملی

د۔ توحید دیر سے سویا

۲۔ استاد توحید سے کیوں ناراض تھے؟

ا۔ کیونکہ وہ جھوٹ بول رہا تھا

ب۔ کیونکہ وہ وقفے میں کھیلنا چاہتا تھا

ج۔ کیونکہ وہ اسکول دیر سے پہنچا تھا

د۔ کیونکہ وہ کاپی ڈھونڈ رہا تھا

۳۔ استاد نے اردو کی کاپی مانگی تو کیا ہوا ؟

ا۔ توحید نے مضمون کی کاپی دکھائی

ب۔ توحید نے اردو کی کاپی دکھائی

ج۔ توحید نے مضمون کی کاپی چھپادی
د۔ توحید اردو کی کاپی نہیں دکھا سکا

۴۔ توحید نے سر کیوں جھکایا ؟
ا۔ کیونکہ وہ استاد کے سامنے شرمندہ تھا
ب۔ کیونکہ وہ استاد کی بات ماننا چاہتا تھا
ج۔ کیونکہ استاد نے اس کو معاف کر دیا تھا
د۔ کیونکہ استاد نے اس کو سزا دی تھی

۵۔ استاد نے توحید کو کس لئے سزا دی ؟
ا۔ اس نے گھڑی میں چابی نہیں دی تھی
ب۔ وہ دیر سے آیا تھا اور کاپیاں گھر پر بھول آیا تھا
ج۔ اس نے استاد سے جھوٹی بات کہی تھی
د۔ وہ بہت سا لکھائی کا کام کرنا چاہتا تھا

Question 4B (10 marks)

سوالوں کے جواب لکھیے۔

ا۔ توحید روزانہ کیسے اٹھ جاتا تھا؟

---

۲۔ گھڑی کیوں رُک گئی تھی ؟

---

۳۔ توحید نے اردو کی کاپی کہاں ڈھونڈی ؟

---

۴۔ وہ کاپی کہاں تھی ؟

---

۵۔ توحید کو کیا سزا ملی ؟

---

Question 5A (4 marks)

(الف) بےترتیب لفظوں کو ترتیب سے لکھ کر جملہ لکھیے۔

شکر ہے کارخانہ بند کا

---

معائینہ کا ڈاکٹر کیا مریض نے

---

Question 5B (6 marks)

(ب) جملوں کو مکمل کیجیے۔

۱۔ چونکہ دادا جان بیمار ہیں ________

---

۲۔ اجمل گھر جا رہا تھا کہ ________

---

۳۔ میری پھوپھی اگلے بدھ کو میرے یہاں آئیں گی لیکن ________

---

## Question 6 (10 marks)

عبارت غور سے پڑھیے پھر دیے گئے مناسب لفظوں سے خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔

اتوار کا دن تھا۔ عبدالمجید موکا ...................... روزہل اپنے گھر جا رہا تھا۔ وہ کام سے لوٹ رہا تھا۔ راستے ..................... اس کی کار ................................ خراب ہو گئی۔ رات کے دس بج چکے تھے۔ راستے میں سنّاٹا چھایا ہوا تھا۔ اس کو کار کی مرمت کے بارے میں کچھ نہیں معلوم تھا۔ وہ راستے پر کھڑا رہا۔ پندرہ منٹ کے ........................ ایک کار سامنے سے آتی ہوئی ................................ ۔ اس نے اشارہ کیا ........................ وہ رُکی۔ اتفاق سے اس میں اس کا چچازاد بھائی شاکر ....................... ۔ چونکہ شاکر ایک مستری تھا تو اس ...................... عبدالمجید کی کار ٹھیک کر دی۔ عبدالمجید نے اس کا بہت شکریہ ادا کیا۔ اس نے شاکر کو پیسہ بھی دینا چاہا لیکن شاکر نے منع کیا۔ اس کے بعد عبدالمجید نے اپنی کار چلائی ...................... تھوڑی دیر بعد میں اپنے گھر ........................ ۔ اس کی ماں اس کا انتظار کررہی تھیں اور پریشان بھی تھیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بعد | سے | پہنچ گیا | نے | تو |
| تھا | نظر آئی | اور | میں | اچانک |

## Question 7A (5 marks)

خط کشیدہ لفظوں کی اصلاح کر کے خالی جگہیں کو پُر کیجیے۔

ا۔ دادی لیچیاں ............................ کا چھلکا اتار رہی ہیں۔

۲۔ دھوبی کپڑے دھوتی ............................ ہیں ۔

۳۔ مریم نے پکّے پکّے آم توڑی ........................ ۔

۴۔ کلیم جمعرات کی سبح ........................ آئے گا۔

۵۔ میں درجہ چھٹی ........................ میں ہوں۔

Question 7B (5 marks)

بریکٹ میں دیے گئے لفظوں کو صحیح شکل دے کر خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔

۱۔ میں کبھی کسی سے ........................... نہیں کرتا۔ (دشمن)

۲۔ عاقلہ کی .............................. آرہی ہیں۔ (سہیلی)

۳۔ آج کا کام ابھی کرو۔ کل پر مت ............................ ۔ (ڈالنا)

۴۔ وہ میرے ...................... رشتہ‌دار ہیں۔ (قریب)

۵۔ ہمارے کمرے میں بہت سی ....................... بیکار پڑی ہیں۔ (کرسی)

Question 8 (10 marks)


دیے گئے لفظوں یا فقروں کی مدد سے تصویر کے مطابق ایک جملہ لکھیے۔



سارا - سہیلی سے ناراض

_______________________________

_______________________________



ماں - سمجھانا

_______________________________

_______________________________



موبائل - بات

_______________________________

_______________________________

سہیلی - اپنی ماں کو سلام کرنا



دونوں لڑکیاں - ایک ساتھ کھیلنا



Question 9 (10 marks)

خاکہ کے مطابق تقریباً سو (۱۰۰) لفظوں کا مضمون لکھیے۔

سبزی والے کا گھر پر آنا
والدہ گھر پر نہیں
عائشہ کا سبزیاں خریدنا
ایک سبزی کی ترکاری پکانا
والدہ کا واپس آنا
عائشہ کو مبارک باد دینا